نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 28, 2006)

امریکی فوج نے مظفر آباد میں ری فیولنگ کا مرکز پاکستان کے حوالے کر دیا

اسلام آباد (28 مارچ 2006ء) ___ امریکہ کی 267 ویں کوارٹر ماسٹر کمپنی نے آج مظفر آباد ایئر پورٹ پر ایک تقریب میں تیزی سے ایندھن بھرنے کا مرکز (فارورڈ ریپڈ ری فیولنگ پوائنٹ) پاک فوج کے حوالے کر دیا۔ طیاروں میں ایندھن بھرنے کے تیس لاکھ ڈالر مالیت کے اس مرکز سے امدادی سرگرمیوں کا رخ تعمیر نو کے کاموں کی جانب موڑنے میں مدد ملے گی۔

ہنگامی امداد کے امریکی مرکز کے کمانڈر ریئر ایڈمرل مائیکل لی فیور نے اس موقع پر کہا کہ یہ ری فیولنگ پوائنٹ تعمیر نو کی کوششوں میں اہم کردار ادا کرے گا۔ یہ منتقلی پاکستان کے طویل مدت ہدف یعنی 'پہلے سے بہتر تعمیر' کے حصول میں مدد دے گا۔

اس سہولت کے ذریعہ ساز و سامان کو متاثرہ علاقوں میں تیزی اور مستعدی سے پہنچایا جا سکے گا۔ عام طور پر اس ری فیولنگ پوائنٹ کے باعث ہر جہاز کو درکار وقت میں 75 منٹ کی کمی ہوتی ہے۔ یہ بچت اسلام آباد سے پرواز کے 30 منٹ کم کرنے سے ہوتی ہے جبکہ اضافی 40 منٹ کی بچت ایندھن بھرنے کے عمل کے دوران ہوتی ہے کیونکہ ایسے ہیلی کاپٹر میں ایندھن بھرنے میں صرف پانچ منٹ درکار ہوتے ہیں جس کا انجن چل رہا ہو جبکہ بند ہیلی کاپٹر میں ایندھن بھرنے میں 45 منٹ لگتے ہیں۔ اس اضافی ملنے والے وقت کے دوران ہیلی کاپٹر مزید امدادی سامان اور تعمیر نو کا ساز و سامان پہنچا سکتا ہے۔

ہیلی کاپٹر میں ایندھن بھرنے کو جس کا انجن چل رہا ہو 'ہاٹ ری فیولنگ' کہا جاتا ہے۔ اس کے لئے تین 20,000 گیلن کے فیول بلیڈرز درکار ہوتے ہیں اور اس کی مدد سے بیک وقت دو طیاروں میں ایندھن بھرا جا سکتا ہے۔ اس ری فیولنگ پوائنٹ کی مدد سے ایسے ہیلی کاپٹر میں بھی ایندھن بھرا جا سکتا ہے جس کا انجن بند ہو۔ اس کے لئے 2,200 گیلن کے دو فیول ٹرک درکار ہوتے ہیں۔ اس عمل کو 'کولڈ ری فیولنگ' کہا جاتا ہے۔

ریئر ایڈمرل لی فیور نے کہا کہ کوارٹر ماسٹرز نے واقعتاً کمال کر دکھایا۔ انہوں نے خود کو پاکستانی دوستوں اور حلیفوں کے لئے وقف کر دیا اور شمالی علاقوں میں ان کے روزانہ کام کرنے سے واقعی ایک فرق محسوس ہوا۔

267 ویں کوارٹر ماسٹر کمپنی اپنا مشن مکمل کرنے کے بعد اپنی تعیناتی کے مرکز ریاست ورجینیا میں فورٹ لی واپس چلے جائیں گے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3